(۶) کم بولنے۔ کم کھانے اور کم سونے کا عادی ہو۔

(۷) صبر وشکر، ذکر وفکر، توکل اور یقین والا ہو۔

(۸) سخاوت، قناعت، حلم اور تواضع والا ہو۔

(۹) صدق ووفا، حیاء ووقار ادب وتعظیم وسکون والا ہو۔

(۱۰) خلاف شرع کام خود بھی نہ کریں اور دوسروں کو بھی منع کرے۔

(۱۱) اپنی بساط کے مطابق امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا داعی ہو۔

(۱۲) مریدوں کو ہمیشہ حق وصداقت کی تلقین کرنے والا ہو۔اور ناجائز کاموں سے منع کرنے والا ہو۔

(۱۳) ذکر کے بہانے سے سُرود، گانے بجانے، رقص کرنے، اچھلنا کودنا وغیرہ سے اجتناب کرنے والا ہو سرود گانے بجانے کے محفل میں بیٹھنا فسق ہے اور اِس سے لذت حاصل کرنا کفر ہے۔

(۱۴) لنگر سوال پر نہ چلاتا ہو۔کیونکہ لنگر دینا مستحب ہے۔اور سوال حرام ہے۔

(۱۵) ہر حقیقت جو شریعت اس کو ردّ کردیں۔وہ زندیقیت ہے رسالہ قیشریہ میں لکھا ہے۔کہ ولی کے شرائط میں سے ہے۔کہ وہ گناہوں سے محفوظ ہو۔

(۱۶) طریقہ محمدیہ کے شرح بریقہ میں لکھا ہے۔کہ پیر شریعت کا فی مخالف ہو اور ہوا میں اُڑ رہا ہو تو وہ فاسق اور مستدرج ہے۔پیر نہیں بیر ہے ہلاکت کا گڑھا ہے۔

(۱۷) خوارق اور کرامات پیرومرشد کے لیے شرط نہیں۔اگرچہ تصوف کی بعض کتابوں میں احوال دل، کشف، علوم اور منازل سلوک وغیرہ شرائط میں سے ہیں۔

(۱۸) آج کل تمام کرامات وخوارق عادات یہی ہیں۔کہ استقامت علی الشریعت ہو۔

اللہ تعالیٰ تمام پیران عظام اور مریدان صدق وصفا کو اپنے رضا کے راستے پر استقامت نصیب فرمائیں آمین ثم آمین

آداب مُریدی

(۱) مرید ہونے کیلئے استخارہ کریں۔ اللہ تعالیٰ کی رضا اور لقاء کی نیت سے مرشد کو طلب کریں۔ جو ظاہری شریعت پر مستقیم ہو۔ بہت زیادہ کوشش کریں۔ جو ظاہری شریعت پر مستقیم ہو۔ بہت زیادہ کوشش کریں۔ اس لیے کہ اگر کوئی ناقص پیر پر ایک دفعہ گرفتار ہو جائے۔ تو پھر جان چھڑوانا مشکل ہو جائے گا۔

(۲) محبت اور اخلاص سے پیر و مرشد کے ساتھ تعلق رکھا جائے۔

(۳) ہر وقت آداب کا خیال رکھیں۔ جتنی محرومی مریدوں کی ہے۔ وہ بے ادبی اور محبت کی کمی کی وجہ سے ہے۔ ورنہ مرشد کی طرف سے بُخل نہیں ہوتا۔

(۴) دوسرے بزرگوں کی خدمت میں کم جایا کریں۔ اس لیے کہ تمہارے دل میں اپنے مرشد کی محبت کم نہ ہو جائے۔

(۵) بزرگوں نے فرمایا ہے۔ کہ اگر مرید کے دل میں یہ وسوسہ پیدا ہو جائے۔ کہ میرے مرشد کے علاوہ بھی کوئی ہے۔ جو مجھے اللہ تعالیٰ سے ملائے۔ تو یہ بھی مرید کے دل میں شیطان نے تصرف کیا۔

(۶) پیر و مرشد کو جواب نہیں دینا چاہئے۔ نگاہیں نیچے سر تسلیم خم کریں۔ بزرگوں کا قول ہے۔ کہ اگر کسی نے پیر کو کہا کیوں؟ تو اس لفظ کے کہنے سے نقصان پائے گا۔

(۷) اگر پیر و مرشد مباح کام سے منع کریں تو بھی انکار نہ کریں۔

(۸) اگر مرید نے مباح کے جواز پر علماء کے اقوال سے اعتراض کیا۔ تو پھر بھی نقصان سے نہیں بچ سکے گا۔

(۹) مرید کو چاہئے۔ کہ وہ مرشد کے سامنے اسی طرح ہو۔ جیسے کہ مُردہ غاسل کے ہاتھ میں ہوتا ہے۔

(۱۰) پیر ان مقام پر اعتراض کرنا زہر قاتل ہے۔ پیر کو بھی چاہئے۔ کہ مرید کو معاف نہ کریں۔ بلکہ آداب سکھائے۔

(۱۱) پیر و مرشد کی خدمت کے لیے کمر بستہ رہنا اور اس کے حکم پر صبر کرنا واجب ہے۔

(۱۲) مرید کو پیر و مرشد کی صحبت میں ایسا ہونا چاہئے۔ جیسے کہ صحابہ کرام حضور ﷺ کی خدمت اقدس میں ہوتے تھے۔

(۱۳) پیر کا حکم عبادات اور وظائف میں اپنے اوپر لازم رکھے۔

(۱۴) پیر و مرشد کی خدمت میں اخلاص و محبت سے حاضر ہوا جائے۔

یہاں تک کہ چالیس دن تک بغیر عذر کے تاخیر نہ کریں۔

(۱۵) پیر و مرشد اگر دُور ہو۔ اور ایک سال میں بھی ملاقات کا امکان نہ ہو تو دوسرے پیر سے بیعت کرنا چاہئے۔ اس کی غیبت منقطعہ کہتے ہیں۔

(۱۶) اپنی پیر و مرشد کی ملاقات اور حاضری کے لیے جاتے ہوئے خالی ہاتھ نہ جائیں بلکہ اپنی بساط کے مطابق تحفہ وغیرہ لے جائیں۔ غریب آدمی ایک پاکیزہ پھول یا پاک وصاف ڈھیلا اپنے ساتھ لے جائیں اور مالدار اپنی مالداری کے مناسبت سے محبت واخلاص کا مظاہرہ کریں۔

(۱۷) پیر کی آستانے پر مہمانی کی قدر نہ مانگے بلکہ خادم کی حیثیت سے حاضر ہوا کریں۔ اگر کوئی خدمت آپ کے لائق پیش ہو جائے۔ تو اس کا شکر ادا کریں۔

(۱۸) پیر و مرشد کے ارشادات کو اپنا معمول بنائیں۔ مطالب الرشیدی میں ہے۔ کہ

اگر مرید اپنے پیر سے کچھ سُنے اور وہ لکھے تو ہر حرف کے بدلے ہزار سال کی عبادت واطاعت اس کے اعمالنامے میں لکھی جائے گی۔

(۱۹) الغرض ولایت اور کرامت دو کاموں سے مربوط ہے۔

(۱) شریعت محمدی کی تابعداری

(۲) مرشد سے محبت اور اخلاص

اگر ان دو باتوں میں کمی نہ ہو۔ تو جتنی تردد اور پریشانی ہو گی تو کوئی مضائقہ نہیں۔ اور اگر ان دونوں باتوں میں کمی آجائے تو پھر خرابی ہے۔ اگرچہ حضورؐ اس کی جمعیت کے ساتھ ہو مگر آخر میں نقصان وخسران پیش آئے گا۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ.

وضوء طریقت

طریقت کا وضوء پاک اعمال سے حاصل ہوتا ہے۔ یہ کہ ناجائز کاموں سے سچی توبہ کریں۔ کفر، حسد، غیبت، جھوٹ، حرام نامحرم کو دیکھنا وغیرہ۔ جیسے کہ شریعت کا وضوء بدن سے نجاست کے خارج ہونے سے ٹوٹ جاتا ہے۔ اِسی طرح طریقت کا وضوء ناجائز کام کرنے سے ٹوٹ جاتا ہے۔ پھر صحیح اور سچے دل سے توبہ کرنے سے طریقت کا وضوء ہوسکتا ہے۔ بشرطیکہ توبہ توبہ النّصُوح ہو۔

طریقت کی نماز

طریقت کی نماز سے مراد یہ نماز ہے۔ مسجد اِس کا دل ہے۔ جمع (جماعت) گزارنا قوت باطنی ہے۔ اور باطنی شغل توحید کے قائم کرنے سے باطنی زبان سے اور شوق اس کے دل کا امام ہے۔ اور قبلہ اِس کا حضور احدیت اور جمال صمدیت ہے۔ اور یہی قبلے کی حقیقت دل اور روح ہمیشہ کے لیے اس میں مشغول ہوگا۔

اسی نماز میں کیونکہ دل (لا یَنَامُ وَلا یَمُوْتُ) نہ سوتا ہے اور نہ مرتا ہے۔ اور نماز دل کے زندہ ہونے میں ہے۔ بغیر قیام اور آواز اور قعدہ سُنے اور مخاطبہ دل کا اللہ تعالیٰ کے ساتھ ہوگا باطنی زبان سے (اِیَّاکَ نَعْبُدُوَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْن)

مقام رضا

تمام مقامات سلوک اور جذبہ سے اوپر مقام اللہ تعالیٰ کی رضا ہے یعنی سالک اللہ تعالیٰ کی رضا پر راضی ہو۔ تمام حالات میں خواہ رحمت ہو یا زحمت اور ارکان جماعت ناجیہ کی طرح تمام زندگی کا نصب العین اللہ تعالیٰ کی رضا ہو۔

تضعیف الاجر

مطالع المسرات شرح دلائل الخیرات میں شیخ مہدی بن احمد علی بن یوسف الفاسی اقرب المسالک صفحہ 371 میں لکھتے ہیں۔ کہ اگر ایک مرشد اپنے مرید کو ایک ہزار بار لا الٰہ الا اللہ پڑھنے کی اجازت دے دے۔ تو مرشد کو بھی ایک ہزار بار پڑھنے کا ثواب مل جاتا ہے۔ اس حدیث کے مطابق (الدَّالُ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهِ) نیکی کی دلالت کرنے والا نیکی کرنے والے کی طرح ہے۔ پھر دوسرے شیخ کو دو ہزار اور تیسرے شیخ کو چار ہزار اور چوتھے شیخ کو آٹھ ہزار کا ثواب ملتا ہے۔

پھر لکھتے ہیں و یعطی لشیخہ مِثْلَ ذٰلِكَ ولیشخ شیخہٖ مِثْلَاهُ ولیشخ الثالث اربعۃ وللرابع ثمانیۃ وھکذا تضعیفُ كُلُّ مَرْتَبَةٍ بِعَدَدِ اُمُوْرُ الحاصلۃ الی النبیّ صلی اللہ علیہ وَّاٰلِہٖ وَسَلَّمْ

اس سلسلہ پر حضور ﷺ تک اٹھائیس نسبتیں ہیں۔ اور تمام پیران عظام کو اجر کا حساب دو چند ایک دوسرے سے لکھا ہے حضور ﷺ تک۔ اور اس کے علاوہ چار نسبتیں جو محمد صدیق صاحب رحمت اللہ علیہ سے الگ الگ پہنچے ہوئے ہیں۔ اگر اس کا حساب کیا جائے تو انسان اس حساب سے عاجز ہو جائیگا۔ لیکن الحمد للہ یہ تمام اجر اللہ تعالیٰ کے علم وکرم کا نقطہ ہے۔

ماشاء اللہ لا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ.

مثلاً جو مرید اس عاجز کی اجازت اور بیعت سے ایک ہزار بار وظیفہ پڑھتا ہے۔ تو اس عاجز بندے کو بھی ایک ہزار کا ثواب مل جاتا ہے۔ اور سیدی و مرشدی قطب

الاقطاب شیخ المشائخ الحاج صحبت اللہ باباجی صاحب رحمت اللہ علیہ کا دو ہزار اور مداح نبوی عاشق الرسول ﷺ الحاج محمد آمین صاحب رحمت اللہ علیہ کا چار ہزار اور حاجی صاحب ترنگزئی رحمت اللہ علیہ کا آٹھ ہزار اور جناب صوفی عالم گل صاحب کا سولہ ہزار اور نجم الدین صاحب کا بتیس ہزار اور حضرت عبدالغفور صاحب کا چونسٹھ ہزار اور محمد شعیب صاحب کا ایک لاکھ اٹھائیس ہزار اسی طرح محمد صدیق صاحب رحمت اللہ علیہ کا پانچ لاکھ اور بارہ ہزار کا ثواب ہوتا ہے۔

تو اس حساب سے حضور ﷺ تک اٹھائیس نسبتیں پوری ہو جاتی ہیں۔ تو حضور نبی کریم ﷺ کا اجر اسی شرعی اصل سے دو کھرب ستاسٹھ ارب تریالیس کروڑ چون لاکھ اور چھپن ہزار ہو جاتا ہے۔(2,67,43,54,56000)

وضاحت:۔ حضرت الحاج محمد آمین صاحب رحمت اللہ علیہ سے حضور ﷺ تک ستائیس نسبتیں ہیں۔ اور سیدی مرشدی الحاج صحبت اللہ باباجی صاحبؒ تک اٹھائیس نسبتیں خلافت کی پوری ہو جاتی ہیں۔

فضیلت ذکر بالجہر

(۱) وعن ابی درداءؓ عن النبی صلی اللہ علیہ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم قَالَ لَیْسَ من عبدٍ یقول لاَ اِلٰہ اِلاَّاللہ مائۃ مرۃ اِلاَّ بعثہ اللہ یوم القیٰمۃ وَجھہٗ کا لقمر لیلۃ البدر ولم یرضع الاحد یومئذٍ عمل افضل من علملہ اِلاَّ من قال مثل قَوْلِہٖ او زادہ .(رواۃ الطبرانی وابن ماجہ)

ترجمہ:۔ حضرت ابی درداءؓ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ حضور ﷺ نے فرمایا ہے۔ کہ جو آدمی سو بار کلمہ طیبہ یعنی لاَ اِلٰہَ اِلاَّ اللہ پڑھے اس کو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ایسے اُٹھائے گا جیسا کہ چودھویں کا چاند اور اس دن کوئی عمل اِس کے عمل سے بہتر نہیں ہوگا۔ مگر اِس کا جس نے اسی طرح عمل کیا ہو۔ یا اس سے زیادہ پڑھا ہو۔

(۲) عن اُمِ ھانیؓ قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم لاَاِلٰہ اِلاَّاللہ لا یسبقوھا عمل وَلا تترکُ ذَنْباً ٥ (رواہ ابن ماجہ)

ترجمہ:۔ حضرت اُمِ ھانی رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ کہ حضور ﷺ نے فرمایا ہے کہ لاَ اِلٰہ اِلاَّاللہ سے کوئی عمل سبقت نہیں لے جا سکتا۔ اور نہ یہ کلمہ گناہ چھوڑتا ہے۔ مگر بخشتا ہے۔

(۳) وعن ابی ھریرۃؓ عن النبیؐ صلی اللہ علیہ وسلّم اِنَّ اللہ تبارک وتعالیٰ عموداً من نورٍ بین یدی العرش فاذا قال العبد لاَ اِلٰہ اِلاَّاللہ اِھتزَّ ذٰلِکَ العمود فیقول اللہ تعالیٰ اُسکُنْ فیقول کیف اُسکُنْ ولم تعفر لقائلھا فیقولُ انی قَدْ غَفَرْتُ لَہٗ فَیَسکُنُ عِنْدَ ذٰلِکَ.

(رواۃالبزاز کذا وھو غریب)

ترجمہ:۔ حضرت ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہے۔ کہ عرش کے ساتھ نُور کا ایک ستون ہے۔ کہ جو شخص لاَاِلٰــہَ اِلاَّاللہ پڑھتا ہے تو وہ ستون حرکت کرتی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ حرکت چھوڑ دو۔ تو وہ کہے گی کہ کیسے حرکت چھوڑ دوں کہ کلمہ طیبہ پڑھنے والا ابھی تک نہیں بخشا گیا ہے۔ تو کہا جائے گا کہ میں نے بخش دیا ہے۔ تو پھر وہ ستون حرکت چھوڑ دیگا۔

(۴) عن ابن عباسؓ قال قال رسول اللہ ﷺ وَالّذی نفسی بیدہٖ لو جِئی بِالسموات والارض وفیھِن وَما بینھُنّ وَمَا تحتھُنّ فوضعھا فِی کفۃ المیزَان وضعتُھَا شھادۃ ان لاَاِلٰہَ اِلاَّاللہ فی کفہ الاُخر لرجحت ٥

(اخرج الطبرانی)

ترجمہ:۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ حضور ﷺ نے فرمایا۔ کہ اسی ذات کی قسم ہے جس کے دست قدرت میں میرا نفس ہے۔ کہ تمام آسمان اور زمین ایک پلڑے میں رکھے جائیں۔ اور یہ کلمہ مبارک دوسرے پلڑے میں تو ان تمام چیزوں سے کہ کلمہ بھاری ہو جائے گا۔

(۵) وعن علیؓ قال حدثنا روسولُ اللہ ﷺ عن جبرائیل علیہ السّلام قال عزّ و جلّ اِنِّیْ اَنَااللہ لاَاِلٰہَ اِلاَّاَنَا فَاعْبُدْنِیْ من جَآء نِیْ مِنکم بشھادۃِ اَنْ لاَاِلٰــہَ اِلاَّاللہ بالاخلاص دخلَ فِیْ حَصِنِیْ وَمنْ دَخل فِیْ حَصِنِی اَمَنَ عذَابِیْ ٥ (اخرجہ ابونعیم فی الحلیتہ وکذا فی جامع الصغیر)

ترجمہ:۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ حضور ﷺ حضرت جبرائیل علیہ السلام

سے نقل کرتے ہیں۔ کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ میں اَللّٰہ ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں پس میری عبادت کرو۔ جو گواہی دیگا اخلاص سے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں تو وہ میرے قلعے میں داخل ہوا۔ اور جو میرے قلعے میں داخل ہوا۔ وہ میرے عذاب سے امن میں رہا۔

ملا علی قاری رحمت اللہ علیہ نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح دلیل ہے۔ تسبیح مشہورہ کے جواز میں۔ اس لیے کہ نبی کریم ﷺ کو کھجور کی گھٹلیوں پر شمار کرتے دیکھا گیا ہے۔ اور اس پر کسی نے انکار نہیں کیا یہ شرعی دلیل ہے۔ کہ گٹھلی کھلی ہو یا دھاگہ میں پروئی ہوئی ہو۔ اس میں کوئی فرق نہیں۔ یہ اس لیے کہا گیا۔ کہ بعض لوگ جو منکر ہیں اس کو بدعت کہتے ہیں۔ صوفیاءِ کرام کی اصطلاح میں اِس کو شیطان کا دورہ کہا جاتا ہے۔

حضرت جُنید بغدادی رحمت اللہ علیہ کے ہاتھ میں کسی نے تسبیح کے دانے دیکھے۔ اُس وقت وہ کمال روحانیت کو پہنچے ہوئے تھے۔ تو ان سے تسبیح کے متعلق سوال کیا گیا۔ جواب میں فرمایا۔ کہ جس چیز کے ذریعے میں اللہ تعالیٰ کو پہنچا ہوا ہوں۔ اس کو میں کس طرح چھوڑ دوں۔ کئی جلیل القدر صحابہ کرامؓ سے گٹھلیوں پر تسبیح شمار کرنا ثابت ہے۔ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ سے کھجور کی گٹھلیوں اور پتھروں کے ذریعے ذکر کا شمار ثابت ہے۔ مرقاۃ المصابیح میں نقل ہے۔ کہ حضرت ابوھریرہؓ کے پاس ایک دھاگہ تھا اس میں گرہے لگائے گئے تھے اس کے ذریعے شمار کرتے تھے۔

ابوداؤد شریف میں ہے۔ کہ حضرت ابوھریرہؓ کے پاس ایک تھیلا تھا۔ جس میں پتھر اور کھجور کی گٹھلیاں تھیں اس کے ذریعے وہ تسبیح پڑھتے تھے۔ جب وہ تھیلا خالی ہو جاتا تھا۔ تو اس کی لونڈی دوبارہ اس تھیلے کو بھرتی تھیں۔ اور حضرت ابی ھریرہؓ کے پاس رکھتی تھیں۔ تو پھر وہ اس تھیلے سے نکالتے تھے اور تسبیح وغیرہ پڑھتے تھے۔

حضرت ابو داردؓ سے نقل ہے۔ کہ اس کے ساتھ عجوہ کھجور کی گٹھلیاں تھیں۔ صبح کے نماز کے بعد وہ تھیلا کھولتے اور پڑھتے جاتے تھے۔ حضرت ابو صفیہؓ جو حضورﷺ کے غلام تھے۔ اس کے سامنے چمڑہ رکھا ہوتا۔ اس پر پتھر پڑے ہوتے اور وہ زوال تک اس پر ذکر کرتے تھے۔ نماز ظہر پڑھنے کے بعد اپنی ضروریات میں مشغول ہوتے تھے اور نماز عصر کے بعد چمڑہ ڈالتے اور شام تک ذکر کرتے تھے۔

حضرت ابوھریرہؓ کے نواسے سے روایت ہے۔ کہ میرے دادا کے پاس ایک دھاگہ تھا جس میں گرہے لگے ہوتے تھے۔ وہ اس پر تسبیح پڑھتے تھے۔

حضرت سیدتنا فاطمة الزھرآء رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ اس کے پاس ایک دھاگہ تھا جس میں گرہے لگے ہوتے تھے اور وہ اس پر تسبیح پڑھتی تھی۔

صوفیاء کرام کی اصطلاح میں تسبیح کا لفظ "مذکرہ" ہے۔ یعنی یاد لانے کا آلہ اس وجہ سے اگر یہ ہاتھ میں ہو۔ تو خواہ مخواہ دل چاہتا ہے۔ کہ اس پر ذکر کروں۔ ایک حدیث میں بھی اس کی تائید ہے۔ کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ حضورﷺ نے فرمایا۔ کہ تسبیح یاد دلانے کی چیز ہے۔

(۶) عن ابی سعید الخدریؓ اکثرو ذکر اللہ حتٰی یقولو لہٗ مجنون ٥ (رواہ احمد وابویعلٰے وابن حبان والحاکم فی صحیحہ قال صحیح الاسناد عن روی ابن عباسؓ بلفظ اُذکر اللہ ذکر یقولون المنافقون اِنکُمْ مُرَآؤن رواہ الطبرانی والبیھقی وعن الجوزی کذا جی ترغیب المقاصد الحسنہ للسخاوی وھکذا فی الدار)

ترجمہ:۔ابی سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا۔ کہ اللہ تعالیٰ کا ذکر ایسا کرو کہ تمہیں لوگ دیوانے کہیں۔(رواہ احمد وابو یعلی وغیرھم)

دوسری حدیث میں ہے۔ کہ ایسا ذکر کرو کہ منافق لوگ تمہیں ریاء کار کہیںo (رواہ الطبرانی والبیہقی)

ان دونوں احادیث سے معلوم ہوا۔ کہ منافق اور بے وقوف لوگوں کے کہنے پر ایسی بڑی دولت کو نہیں چھوڑنا چاہئے۔ ایسے اہتمام سے ذکر کرنا چاہئے کہ یہ لوگ دیوانے کہے اور دیوانہ اُسے کہا جاتا ہے جو زیادہ زور سے یعنی جہر کے ساتھ ذکر کریں۔ آہستہ ذکر کرنے میں یہ بات نہیں۔

ابن کثیر نے عبداللہ بن عباسؓ سے نقل کیا ہے۔ کہ وہ فرماتے ہیں۔ کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر ایسی کوئی چیز فرض نہیں کی جس کا اندازہ مقرر نہیں فرمایا ہو۔ اور پھر اس کا عذر قبول نہیں کیا ہو۔ اور اللہ تعالیٰ کے ذکر کا نہ کوئی اندازہ ہے نہ کوئی حد۔ جب بدن میں عقل وہوش ہو۔ تو اس کو معذور نہیں کہا جاتا۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔(اذکر اللہ ذکراً کثیراً) اللہ تعالیٰ کا ذکر کثرت سے کرو۔ دن ہو یا رات جنگل ہو یا بیابان، سفر ہو یا حضر، فقیری ہو یا مالداری، صحت ہو یا بیماری، اکیلے ہو یا جماعت کے ساتھ۔ آہستہ ہو یا جہر کے ساتھ ہر حال میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرو۔

مولانا عبدالحیٰ صاحب نے اس بارے میں ایک رسالہ لکھا ہے۔ جس کا نام ''سباحۃ الفکر'' ہے اس رسالے میں پچاس احادیث سے ذکر بالجہر کا ثبوت ملتا ہے۔ البتہ یہ ضروری ہے۔ کہ شروط کے ساتھ ہو، اپنے حدود میں ہو۔ کسی کی تکلیف کا سبب نہ

ہے اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ حضور ﷺ نے فرمایا۔ کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے مجھے ذکر کرنے کی ایسی تاکید کی کہ مجھے گمان ہوا۔ کہ اللہ تعالیٰ کے ذکر کے علاوہ کوئی دوسری چیز نفع نہیں دے سکتی۔

سب سے بڑی بات یہ ہے کہ انسان کے دل کو جو تسلی آرام اور اطمینان حاصل ہوتا ہے۔ وہ دُنیا کے جاہ وجلال اور مال ودولت سے حاصل نہیں ہوتی صرف ایک ذریعہ ہے۔ اور وہ اللہ تعالیٰ کا ذکر ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے ٥ (اَلاَ بِذِکرِ اللہِ تطمئِنُ الْقُلُوْب) خبردار اللہ تعالیٰ کے ذکر سے دلوں کو اطمینان حاصل ہوتا ہے الغرض ان تمام روایات سے معلوم ہوا کہ جتنا زیادہ ذکر کیا جائے تو بہتر ہے دوسروں کی ریآءکاری دیوانہ کہنے سے ذکر اللہ چھوڑنا اپنا نقصان ہے صوفیآء کرام نے فرمایا ہے۔ کہ یہ بھی شیطان کا دھوکہ ہے۔ کہ ذکر اس خیال سے منع کرتا ہے۔ کہ لوگ دیکھیں گے تو کیا کہیں گے۔ یہ ذکر نہ کرنے کا ایک حیلہ اور ذریعہ ہے۔ یہ تو ضروری امر ہے کہ کوئی بھی نیک کام ریآءکاری کی نیت سے نہ کریں کہ کوئی دیکھے گا۔ تو اس کو نیک تصور کرے گا اس وجہ سے بھی ذکر اللہ نہیں چھوڑنا چاہئے۔

وَلاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ الْعَلِیُّ الْعَظِیْم۔

اصطلاحات تصوف

مرید:۔ مرید سے مراد وہ شخص ہے جو بیعت کا ارادہ کرے۔

مراد:۔ مراد سے مطلب وہ مرید ہے جو بیعث حاصل کرے اور اس پر عمل کرے اور پابندی شریعت اختیار کرے۔

صوفی:۔ صوفی وہ ہے۔ جو آخرت کی زندگی کو دنیاوی زندگی پر ترجیح دے یعنی فکر آخرت میں متفکر رہے۔

مرشد:۔ جو ہدایت کے قبول کرنے کے قابل ہو جائے۔ اور ذکر و اذکار کی ارشاد و تلقین کی ہدایت کرے۔

شیخ:۔ جو بدعت کو مکروہ جانے اور سنت پر عمل کرے۔

فنافی الشیخ:۔ جو اپنے مرشد کی کامل اور مکمل تابع دار ہو۔ اپنے مرشد کے عادات واطوار اور طریقوں کو اپنائے۔

فنافی الرسول:۔ حضور ﷺ کے حکم پر مستقیم اور سنت سے محبت رکھنے والا ہو۔

فنافی اللہ:۔ جب ھُوَ مَعَکُمْ اِنَمَا کُنْتُمْ کے مرتبہ میں داخل ہو جائے۔

بقاباللہ:۔ جو محبت الٰہی میں مستغرق ہو جائے۔

نوٹ:۔ جب مرید توبہ اور استغفار سے فنافی الشیخ کے مرتبے تک پہنچ جائے۔ اور اپنے مرشد کے سیرت وصورت کا مکمل نمونہ بن جائے۔ تو پھر فنافی الرسول کا درجہ حاصل ہوتا ہے۔

اسی طرح پیر کامل اپنی توجہ سے مرید کو حضور ﷺ کی خدمت اقدس میں پیش کرتا

ہے۔تو مرید محبت و عشق نبوی ﷺ سے فنا فی الرسول میں مستغرق ہو جاتا ہے۔

اس کے بعد مرید حضور ﷺ کے وسیلے سے فنا فی اللہ کا درجہ حاصل ہوتا ہے۔ پیر کامل اپنے مرید صادق کو اپنی کامل توجہ سے مقام علیا میں پہنچا دیتا ہے۔

پھر فنا فی اللہ کے درجے سے مقام بقا باللہ میں داخل ہوتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا اِتِّبَاعَہٗ وَمُحَبَّتَہٗ بحرمت سَیِّدِ الْاَبْرَارْ ٥

رات کوسوتے وقت کے عملیات

حضور اقدس ﷺ نے ایک مرتبہ علی کرم اللہ وجہہٗ سے ارشاد فرمایا کہ اے علیؓ رات کو روزانہ پانچ کام کر کے سویا کرو۔

(۱) چار ہزار دینار صدقہ دیکر سویا کرو۔

(۲) ایک قرآن مجید پڑھ کر سویا کرو۔

(۳) جنت کی قیمت دیکر سویا کرو۔

(۴) دو لڑنے والوں میں صلح کرایا کر سویا کرو۔

(۵) ایک حج کر کے سویا کرو۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ یہ امر محال ہے۔ مجھ سے کب بن سکیں گے پھر حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا

(۱) چار مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر سویا کرو اس کا ثواب چار ہزار دینار کے برابر ہے۔

(۲) تین مرتبہ سورۃ الاخلاص پڑھ کر سویا کرو اس کا ثواب ایک قرآن مجید کے برابر ہے۔

(۳) دس (10) مرتبہ استغفار پڑھ کر سویا کرو اس کا ثواب دو لڑنے والوں میں صلح کرانے کا ثواب ہوگا۔

(۴) دس (10) مرتبہ درود شریف پڑھ کر سویا کرو جنت کی قیمت ادا ہوگی۔

(۵) چار مرتبہ کلمہ تمجید (چوتھا کلمہ) پڑھ کر سویا کرو۔ ایک حج کا ثواب ملے گا۔ اس پر حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ نے عرض کیا۔ کہ یارسول اللہ ﷺ اب تو میں روزانہ یہی عملیات پڑھ کر سویا کروں گا۔

اقوال زرین

(۱) حضور ﷺ کی تابعداری انسان کا زیور ہے۔ سنت کے زیور سے مزین ہونا ہر انسان کے لیے ضروری ہے۔

(۲) طریقت کا حصول سعادت اور خوش بختی کو حاصل کرنا ہے۔

(۳) فقیری ایمان کی زینت ہے۔

(۴) عاجزی اور انکساری ایمان کی نشانی ہے۔

(۵) فقیری اور عاجزی درویشوں کے لیے ترقی کی علامت ہے۔

(۶) شریعت مقدسہ حضور ﷺ کا ظاہر اور طریقت اُن کا باطن ہے۔

(۷) فنافی الشیخ کا مقصد طریقت پر کامل مکمل اور اکمل طریقے سے عمل کرنا ہے۔

(۸) طریقت راہ محبت ہے۔ لیکن محبت کے دائرے میں آنے کے لیے عقل کی ضرورت ہے۔

(۹) ہر وقت اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنا چاہئے۔ کلمہ طیبہ نجات کا ذریعہ ہے۔

(۱۰) نفس و شیطان کے مکر و فریب سے اپنے آپ کو بچائے۔

(۱۱) روحانی قوت کے حصول کے لیے مرشد سے جسمانی ملاقات اشد ضروری ہے۔

اسماء گرامی خلفاء

حاجی محمد آمین باباجی صاحب رحمت اللہ علیہ

(۱) مولوی میرا گل صاحب حاجی آباد عمرزئی ضلع چارسدہ (مرحوم)

(۲) مولوی شہزادہ صاحب ترنگزئی ضلع چارسدہ (مرحوم)

(۳) شیخ رحمت اللہ صاحب شیرپاؤ ضلع چارسدہ (مرحوم)

(۴) حاجی شیر محمد صاحب شبقدر (مرحوم)

(۵) حاجی محمد کریم صاحب نعت خواں شبقدر (مرحوم)

(۶) شیخ دیدار محمد صاحب باجوڑ ایجنسی (مرحوم)

(۷) حاجی مرجان صاحب (مرحوم)

(۸) سالار میر غواث صاحب (مرحوم)

(۹) مولوی شیر محمد صاحب مندیزئی باجوڑ ایجنسی (مرحوم)

(۱۰) حاجی فردوس خان صاحب تورڈھیری صوابی (مرحوم)

(۱۱) شیخ فردوس خان صاحب اتمانزئی چارسدہ (مرحوم)

(۱۲) حاجی محمد عمران صاحب چوکی درب نوشہرہ (مرحوم)

(۱۳) سید صادق شاہ صاحب چوکی ممریز نوشہرہ (مرحوم)

(۱۴) مولانا عبدالغفور صاحب (مدینہ منورہ) (مرحوم)

(۱۵) مولانا احمد علی صاحب کاٹلنگ ضلع مردان (مرحوم)

(۱۶) مولانا مسعود صاحب کاٹلنگ ضلع مردان (مرحوم)

(۱۷) حاجی آدم خیل بن جمعہ خان ساکن عبدالخیل صاحب (مرحوم)

(۱۸) سید مبارک شاہ صاحب موضع اکبر چترہ (مرحوم)

(۱۹) مولوی محبت اللہ صاحب طرق اربعہ شاہ ڈھنڈ محلہ نزیرآباد نمبر 1 (جو کہ راقم کا مرشد کامل ہے) نوراللہ مرقدہٗ (مرحوم)

(۲۰) مولانا عبدالحمید کوہی ملا صاحب (مرحوم)

(۲۱) مولوی ولی اللہ صاحب موضع اکبر پورہ (مرحوم)

(۲۲) محمد اعظم صاحب مانیرئی ضلع صوابی (مرحوم)

(۲۳) سالار حبیب شاہ صاحب مانیرئی ضلع صوابی (مرحوم)

(۲۴) کلابٹ پیر صاحب (مرحوم)

(۲۵) شیخ صاحب نواں کلی مردان (مرحوم)

(۲۶) مولوی صاحب کالوخان صوابی (مرحوم)

(۲۷) حاجی عبدالرحمان صاحب (مدینہ منورہ) (مرحوم)

(۲۸) حاجی فضل اکبر صاحب غز گے ترنگزئی (مرحوم)

(۲۹) فضل حق صاحب باجوڑ (مرحوم)

(۳۰) فضل احمد صاحب مکی کوپر (مرحوم)

(۳۱) سیف الرحمان باچا صاحب گوجرگڑھی مردان (مرحوم)

(۳۲) امام الدین صاحب المعروف بہ مرزا صاحب باجوڑ (مرحوم)

(۳۳) آمین الحسنات صاحب مانکی شریف نوشہرہ (مرحوم)

(۳۴) حکیم صاحب ہوتی مردان (مرحوم)

(۳۵) عبدالحکیم صاحب کربوغہ شریف ہنگو (مرحوم)

(۳۶) محمد نذیر صاحب عثمانی (مرحوم)

(۳۷) عبدالستار صاحب استادھڈہ شریف افغانستان (مرحوم)

(۳۸) الحاج مولوی سراج گل صاحب مصنف بانڈہ علاقہ ڈھوڈہ کوہاٹ (مرحوم)

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِی فِی زُمْرَةِ الصَّالِحِيْنَ ٥ آمین

آسمآء گرامی خلفآءِ پیر طریقت سیّدی ومرشدی قطب

الاقطاب الحاج صحبت اللہ باباجی صاحب رحمت اللہ علیہ

(۱) جناب صاحبزادہ نصر اللہ جان صاحب (شاہین مسلم ٹاؤن پشاور)

(۲) مولوی حاجی عزیز الرحمٰن صاحب دامان افغانی پشاور

(۳) مولوی حاجی محمود جان صاحب جہکال پشاور (مرحوم)

(۴) مولوی صوفی محمد رحمان صاحب موضع میاں گوجر حال اتحاد کالونی پشاور

(۵) صوفی محمد اسحاق صاحب ماشوخیل پشاور (مرحوم)

(۶) صوفی حاجی مشتاق احمد صاحب ماشوخیل پشاور

(۷) مولوی حاجی گل رسول صاحب مریم زئی پشاور

(۸) مولوی سید فضل الرحمان صاحب غلنئی گندھاب (باچا صاحب)

(۹) پیرزادہ صوفی روح آلامین صاحب دامان افغانی (مرحوم)

(۱۰) خائستہ محمد ولد نور محمد صاحب اخون آباد پشاور (مرحوم)

(۱۱) صوفی منتظر شاہ صاحب ماشوخیل پشاور

(۱۲) محمد اکرم ولد زڑہ ور خان بیری باغ پشاور (مرحوم)

(۱۳) صوفی نصر اللہ خان ولد اول خان میاں گوجر پشاور

(۱۴) عبدالوہاب ولد عبدالرحمان درخشان کالونی گنج پشاور

(۱۵) امیر سعید ولد عبدالودود گلشن کالونی پشاور

(۱۶) محمد شفیق بابا کالو خان صوابی

(۱۷) حضرت ابوالفضل فضل احمد کریمی صاحب یکہ والی (ملتان)

(۱۸) محمد انور ولد عبدالخالق پولیس لائن خالق منزل کوہاٹ

(۱۹) مولانا حاجی عبدالمالک ولد مسعود تنگی نصرت زئی چارسدہ (مرحوم)

(۲۰) امان اللہ بابا موضع دیر حال توحید آباد شاہ ڈھنڈ

(۲۱) ڈاکٹر عبدالخالق صاحب موضع گنڈھیری تنگی چارسدہ

(۲۲) میاں مرزا ولد زرباچا علاقہ شبقدر غلجی کورونہ (مرحوم)

(۲۳) حضرت بادشاہ ولد شاہ بل چنار کلے (مرحوم)

(۲۴) محبوب الرحمان ولد رحمت حاجی زئی میاں کورنہ شبقدر

(۲۵) شیخ محمد ملا صاحب لنڈی کوتل (مرحوم)

(۲۶) مولوی غلام حسن ولد مہردل ساکن سید آباد شاہ ڈھنڈ پشاور (مرحوم)

(۲۷) شیخ لونگیں صاحب عرف جلال آباد استاد بشونڑی (مرحوم)

(۲۸) صوفی خواص خان ولد موٹا خان نرے کمر کھجوری باڑہ خیبر ایجنسی

(۲۹) جھان زیب ولد خان گل سگھوسر بند لنڈی بالا پشاور

(۳۰) عامر اقبال ولد اقبال احمد سکنہ رشید آباد چارسدہ روڑ

(۳۱) سلیم اللہ خان ولد گل اکبر ساکن دامان افغانی پشاور

(۳۲) سراج محمد ولد غلام مصطفٰے صاحب علاقہ پلوٹی 512 پشاور

(۳۳) مولوی شیخ غلام مصطفٰے صاحب ارباب لنڈی حال علاقہ پلوٹی 512 پشاور

(۳۴) مولانا سید قائم شاہ صاحب ماشوخیل پشاور

(۳۵) جناب شریف اللہ خان ولد حاجی ریخان اللہ صاحب جدہ سعودی عربیہ

(۳۶) خادم محمد عارف خان ولد حاجی عبدالحنان سرکی گیٹ بجوڑی کلاں پشاور

(۳۷) قاری دین محمد ولد سید علی پیش امام اتحاد کالونی پشاور

(۳۸) صوفی محمد حفیظ ولد محمد شفیق گلشن کالونی حاجی کیمپ پشاور

(۳۹) مولانا محمد روشن ولد عنوان الدین گاؤں کوکاریٔ مینگورہ سوات

(۴۰) مولانا سید غلام ولد قاسم جان ماشوخیل پشاور

(۴۱) صوفی محمد یحییٰ صدیقی ولد شیخ سعد اللہ صدیقی بازار کلاں پشاور

(۴۲) ملک طاہر محمود ولد ملک حاجی خُدا بخش تحصیل گور گٹھڑی شاہ معصوم محلہ پشاور

(۴۳) گل اکبر خان ولد محمد اکبر گڑھی سکندر خان باڑہ روڈ پشاور

(۴۴) حاجی لیاقت علی ولد امیر نواز نوتھیہ پشاور صدر

(۴۵) حاجی فضل قادر ولد محمد نادر خان تہکال بالا پشاور

(۴۶) آمین حسین ولد خادم حسین محلہ کشمیری پشاور

(۴۷) مولوی محمد انور ولد محمد عمر ساکن عمرزئی کا کاخیل ڈھیری

(۴۸) عبدالودود صاحب ولد محمد داؤد چارسدہ روڈ عامر ایوب کالونی پشاور

(۴۹) اسد اللہ ولد فضل محمد ساکن شاہین بازار پشاور

(۵۰) صوفی محمد عامر زبیر ولد اورنگ زیب محلہ بندی سازان علاقہ ریتی پشاور

(۵۱) قاضی محمد عالم ولد قاضی محمد صادق قاضی سٹریٹ G.P.O پشاور صدر

(۵۲) سید فقیر شاہ ولد عزت اللہ شاہ نودیہہ پایان پشاور

(۵۳) قاری عبدالوحید ساکن فتح جنگ ضلع اٹک

(۵۴) قاضی فرحان ولد عبدالمالک فیز 6 (سٹریٹ 8) حیات آباد پشاور

(۵۵) محمد عبدالواحد گیلانی ولد حافظ محمد دین شاہ ساکن لیبر کالونی کراچی

(۵۶) ثناء اللہ ولد غریب اللہ گلبرگ صدر پشاور

(۵۷) ارشد اقبال ولد غلام صابر کوچہ میر عباس علاقہ تحصیل پشاور

(۵۸) محمد ناصر وقار ولد حاجی عبدالرحمٰن ہزار خوانی پھندو روڈ

شجرۂ طریقت سلسلہ عالیہ قادریہ شریف

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ ○

(۱) یا الٰہی اپنی ذات کبریآء کے واسطے
کھول دے دروازۂ رحمت گدا کے واسطے

(۲) رحمت للعالمین فخر الرسُل جانِ جہاں
احمد و حامد محمد مصطفٰے ﷺ کے واسطے

(۳) مشکلیں آسان فرما رنج وغم سب دُور کر
صاحب جُود وسخا علی المرتضٰی کے واسطے

(٤) مال و دولت ظاہر و باطن عطا کر غیب سے
حسن بصری شمع ھدیٰ کے واسطے

(۵) حضرت حبیب عجمی عارف و کامل
داؤد طائی امام و پیشوا کے واسطے

(٦) حضرت معروف کرخی صاحب علم و عمل
سرّی سقطی سراج الاولیآء کے واسطے

(۷) اپنے فضل سے عطا کر غیروں کا محتاج نہ کر
حضرت جُنید بغدادی رہنما کے واسطے

(۸) فرحت دل بخش علم و معروف سے شاد کر
حضرت ابوبکر شبلی بدرالدُّجیٰ کے واسطے

(۹) دم بدم لحظہ بہ لحظہ تیرا قُرب نصیب ہو۔
حضرت عبدالواحد کبیر الاولیآء کے واسطے

(۱۰) ذائقہ دے خدا ایمان و اسلام کا
حضرت ابوالفرح وابوالحسن باحیآء کے واسطے

(۱۱) فقر و فاقے میں استقامت سے یا الٰہی نواز
حضرت ابو سعید ولی باصفا کے واسطے

(۱۲) چاہتا ہوں عشق و معرفت یاالٰہی
حضرت عبدالقادر غوث الوریٰ کے واسطے

(۱۳) ہم کو اپنے در کی گدائی کر نصیب
حضرت شاہ دولھا قدم العُلےٰ کے واسطے

(۱٤) ہردم نصیب کر ذکر خفی وجلی
حضرت شاہ منور پیر ھدیٰ کے واسطے

(۱۵) ضرب اِلَّا اللہ سے دل معمور کر
حضرت شاہ عالم ذوالعطآء کے واسطے

(۱٦) نور عرفان سے پُر نور کر دے جسم و جان
حضرت شیخ احمد مقتدا کے واسطے

(۱۷) جذبۂ عشق رسول ﷺ سے میں رہوں بے قرار
حضرت جُنید پشاوری بزرگ و پارسا کے واسطے

(۱۸) اپنے فضل سے مکرم کر ہمیں
حضرت محمد صدیق ماہ لقآء کے واسطے

(۱۹) ہمیں نصیب کر معرفت اور نور محبت
حضرت حافظ محمد بے ریآء کے واسطے

(۲۰) جہل و غفلت دُور کر یا رب
حضرت محمد شعیب امام الاولیآء کے واسطے

(۲۱) بہرہ ورکر ہمیں دولت دیدار سے
حضرت عبدالغفور غوث الوریٰ کے واسطے

(۲۲) دل رہے روشن ہمارا ہر دم تیرے انوار سے
حضرت نجم الدین اہل غزا کے واسطے

(۲۳) یا اِلٰہی ظلمت دُور کر ہمیں دے نور ایمان
حضرت عالم گل با وفآء کے واسطے

(۲٤) اپنے درد وغم سے یا رب میرے دل کو شاد کر
حضرت فضل واحد مقبول خدا کے واسطے

(۲۵) جما دے نقش الفت لوح دل پر
مدّاح نبویؐ محمد آمین عاشق مصطفٰے کے واسطے

(۲٦) دولت رُشد و ہدایت سے کر ہمیں سر فراز
حضرت صحبت اللہ عارف باللہ کے واسطے

(۲۷) عاصی محمد رحمان پر فضل و کرم کر
حضرت محبوب سبحانی غوث الاولیآء کے واسطے

اَللّٰھُمَّ اغفر ولمن سعٰی وَقَالَ لآاِلٰہ اِلّاَاللہ محمّد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

تذکرۂ حضرت سیّدی و مرشدی قطب الاقطاب

پیر طریقت رہبر شریعت

الحاج سیّد صحبت اللہ بابا جی صاحب رحمت اللہ علیہ

ابتدآءِ افرینش سے اللہ تعالیٰ نے بنی نوع انسان کی ہدایت کے لیے انبیآء کرام علیہم السلام کا سلسلہ جاری رکھا۔ جو آقائے دو جہان حضور پرنور ﷺ تک پہنچ کر اختتام پذیر ہوا۔ چونکہ نبوت کا سلسلہ اب ہمیشہ کے لیے بند کر دیا گیا اور ختم نبوت کا تاج محمد مصطفےٰ احمد مجتبےٰ ﷺ کو پہنایا گیا۔ خاتِمُ النبیین کا خطاب قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے دے دیا۔

لہٰذا ختم نبوت کے بعد یہ ہدایت ارشاد و تلقین، امر بالمعروف ونہی عن المنکر بذریعہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین، تابعین تبع تابعین، آیمہ کرام اور اولیآء عظام کے ذریعے جاری و ساری رہے گا۔ اپنے اسلاف و مشائخ عظام کی طرح حضرت الحاج صحبت اللہ بابا جیؒ نے بھی اس چراغ مصطفوی کو روشن رکھا۔

صلحآء کی زندگی کے حالات بیان کرنے سے اور لکھنے سے روح کو تسکین ملتی ہے اس بنآء پر میں عاجز حقیرؔ اپنے مرشد کریم (حضرت سید صحبت اللہ بابا جی رحمت اللہ علیہ) کے حالات زندگی رقم کر رہا ہوں تا کہ اللہ تعالیٰ یہ میرے لیے اور تمام عقیدت مندوں کے لیے ذریعہ نجات بنا دے آمین ثم آمین

پشاور صوبہ سرحد (خیبر پختونخوا) کا ایک مشہور شہر ہے۔ اس کے شمال مشرق کی

طرف تقریباً آٹھ کلومیٹر کے فاصلے پر گاؤں گلوزئی واقع ہے۔ یہ حضرت گلے بابا رحمت اللہ علیہ جو کہ جہکال میں مدفون ہیں انہوں نے اس کو آباد کیا۔ یہاں کے مکین ان کی اولاد ہیں ۔یہاں پر سارے غیور پٹھان آباد ہیں۔انہی غیور پٹھانوں میں حضرت عالم خان صاحب بھی تھے۔ جو کہ موضع گلوزئی میں کاشت کاری کرتے تھے۔ اور موضع شکر پورہ علاقہ داوٴدزئی کا ایک مشہور گاؤں ہیں۔وہاں حضرت دین محمد صاحب رحمت اللہ علیہ جو کہ قطب کے درجے پر جائز تھے۔اُن سے طریقت میں فیض ودُعا کے لیے جایا کرتے تھے۔

اس اثنا میں اللہ تعالیٰ نے عالم خان صاحب کو 1922ء میں ایک بچہ عطا فرمایا۔ جس کا نام انہوں نے "صحبت خان" رکھا۔ حضرت صحبت خان نے جب آنکھ کھولی تو بچپن سے طریقت کی طرف میلان تھا۔ بچپن میں اپنے گاؤں میں پڑھتا رہا۔ بارہ سال کی عمر میں حضرت صحبت خان صاحب مزید علوم حاصل کرنے کے لیے شکر پورہ تشریف لے گئے۔

درس وتدریس ابتدائی تعلیم

حضرت دین محمد صاحب شکر پورے باباجی رحمت اللہ علیہ نے تین اساتذہ پڑھانے یعنی درس وتدریس کے لیے مقرر کردیئے تھے۔

(۱) غلام سرور استاد صاحب جو کہ خط وکتابت سکھاتے تھے۔

(۲) محمد حسین صاحب جو کہ قرآن مجید کا درس دیا کرتے تھے۔

(۳) مولوی تبر گل استاد جو کہ تیراہ کے آکا خیل قبیلے سے تھے۔

وہ فقہ کی کتابیں وغیرہ پڑھاتے تھے۔

شکر پورے باباجی رحمت اللہ علیہ کی صحبت میں حضرت صاحب نے ان تینوں اساتذہ سے فیض حاصل کیا۔

بیعت طریقت

جناب سید صحبت خان صاحب کو شکر پورے باباجی نے بیعت سے نوازا اور استغفار اور نفی اثبات کی اجازت مرحمت فرمادی۔ اور ساتھ ساتھ یہ بھی فرمایا۔ کہ جب آپ کی عمر 25 سال ہو جائے۔ تو میری طرف سے تمہیں تمام دم، درود اور تعویزات کی مکمل اجازت ہے۔ اور تمہیں طریقت میں خلافت کی بھی اجازت ہے۔

1944ء کے اوائل میں حضرت شکر پورے باباجی رحمت اللہ علیہ اس دار فانی سے کوچ کر گئے۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ.

اگرچہ شکر پورے باباجی رحمت اللہ علیہ سے کامل مکمل خلافت ملی تھی۔ لیکن مزید باطنی علوم کی تکمیل اور استفاد کے لیے حضرت صحبت خان صاحب نے استخارہ کیا۔ حضرت پورے شکر باباجی رحمت اللہ نے خواب میں حضرت مداح نبوی عاشق الرسول ﷺ الحاج محمد آمین صاحب کے پاس جانے کا ارشاد فرمادیا۔ اس حکم کے مطابق آپ عمرزئی شریف حاجی آباد موضع چارسدہ تشریف لے گئے۔ اور الحاج محمد آمین باباجی صاحب رحمت اللہ علیہ سے بیعت کی۔ انہوں نے کہا۔ کہ آج سے آپ کا نام صحبت خان نہیں بلکہ صحبت اللہ ہوگا۔

طریقت کے اوراد کا التزام جاری رکھا۔ 1945ء میں شکر پورے باباجی رحمت اللہ علیہ نے خواب میں ارشاد فرمایا کہ صرنخ چلے جاؤ۔ صرنخ مروزئی علاقہ شبقدر کا ایک مشہور گاؤں ہے۔ یہاں صرنخ مروزی آگئے اور قلعہ مسجد میں رہائش اختیار کی یہاں پردو

علمآء کی درس وتدریس سے مزید اکتساب علوم کیا ایک کا نام طوطی استاد تھا اور دوسرے کا نام بڈھا خیل استاد اس کے بعد صرنج مروزئی میں بحیثیت معلم دینیات سرکاری سکول میں تعینات ہوئے۔ تقریباً 80 طلبآء کو پڑھاتے رہے۔

1946ء کے آخر میں واپس شکر پورہ تشریف لے آئے۔ یہاں پر چند دن کے بعد شکر پورے باباجی رحمت اللہ علیہ نے ارشاد کہ مرغی سنٹر پشاور صدر مولوی عبدالجمیل صاحب کے پاس چلے جاؤ۔ لہٰذا مولوی عبدالجمیل صاحب کے پاس آکر اُن سے ظاہری علوم میں استفادہ کیا۔ یہاں صرف ونحو میں کمال حاصل کیا۔

نومبر 1947ء میں گلوزئی واپسی ہوئی۔ اور گورنمنٹ پرائمری سکول گلوزئی میں معلم دینیات مقرر ہوئے۔ یہاں پر گلوزئی اور گردونواح کے طلبآء کو زیور علم سے آراستہ کیا۔ کچھ عرصہ موضع محمد زئی میں کافی طلبآء کو پڑھاتے رہے۔ مسجد شیخان میں درس وتدریس میں مشغول رہے۔ اس کے بعد موضع دلہ زاک میں 1951ء تا 1955ء مدرّس کی حیثیت سے پڑھاتے رہے۔ ان تینوں دیہاتوں میں (دلہ زاک، گلوزئی، محمد زئی) میں خیر وفلاح کے کام اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتے رہے۔

اجازت وخلافت

حضرت سیدی ومرشدی صحبت اللہ باباجی صاحب رحمت اللہ علیہ فرماتے تھے کہ موضع گلوزئی میں بوقت صبح حضرت حاجی الحرمین عاشق الرسول ﷺ الحاج محمد آمین باباجی نے روبرو گواہان ذیل مجھے اجازت وخلافت مرحمت فرمائی۔ اس دن میری خوشی کی کوئی انتہا نہ تھی۔

(۱) حضرت پیر طریقت جناب رحمت اللہ صاحب رحمت اللہ علیہ شیر پاؤ

(۲) حضرت محمد فقیر شاہ صاحب آف وڈپگہ پشاور

شادی

1956ء میں دامان افغانی کے ایک معزز گھرانے کی ایک نیک اور پابند صوم وصلوٰۃ خاتون سے نکاح قرار پائی 1956ء سے 1959 تک موضع گلوزئی میں رہائش پذیر رہے۔

پشاور آمد

1959ء کے اواخر میں حضور غوث پاک پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے روحانی اشارے سے علاقہ شاہ ڈھنڈ پشاور تشریف لے آئے۔ یہاں ولی کامل داتائے سرحد حضرت شیخ جنید پشاوری رحمت اللہ علیہ کے مزار پرانوار پر حاضری دی اور پھر محلہ نذیر آباد نمبر 1 میں رہائش پذیر ہوئے۔

یہاں ایک چھوٹی سی مسجد جو آج کل فیروز مسجد یا وہاب خان محلہ دار مسجد کے نام سے مشہور ہے۔ اس مسجد میں کچھ عرصہ پیش امام کی حیثیت سے رہے اور مقامی بچوں کو قرآن مجید اور دین اسلام کی درس بھی دیتے رہے۔

یہاں پر امر بالمعروف اور نہی عن لمنکر اور خیر وفلاح کے کاموں میں مصروف رہے۔ اور ساتھ ساتھ چاروں سلاسل قادریہ، نقشبندیہ، چشتیہ سہروردیہ میں بیعت و طریقت، ارشاد و تلقین کا کام بھی کرتے رہے۔

یہاں پر دور دراز سے لوگ بھی آتے رہے۔ اور وظائف لیتے رہے۔ اللہ تعالیٰ

نے ان کے دست حق پرست پر کافی لوگوں کو ہدایت سے نوازا۔ اور آج تک ہزاروں لوگ شریعت اور طریقت دونوں پر ان کی برکت سے عمل پیرا ہیں۔

تصنیف وتالیف

ارشاد و تلقین کے ساتھ ساتھ حضرت صاحب نے تصنیف وتالیف کا کام بھی جاری رکھا۔ اور متعدد کتابیں لکھی ہیں۔

(۱) دعوت البحر (۲) خیر الدآرین

(۳) تجلیات سلاسل اربعہ (۴) قانون شریعت (ابھی شائع نہیں ہوئی)

(۵) حضرت شیخ جُنید پشاوری رحمت اللہ علیہ کے حالات زندگی۔ (اردو اور پشتو میں)

(۶) سلسلہ قادریہ پشتو میں بھی شائع کیا ہے۔

اولاد مبارک

حضرت صاحب رحمت اللہ علیہ کو اللہ تعالیٰ نے پانچ فرزند اور چھ صاحبزادیاں عطا فرمائی ہیں۔

صاحبزادگان کے نام یہ ہیں۔

(۱) صاحبزادہ روح آلامین صاحب (مرحوم)

(۲) صاحبزادہ رحمان اللہ صاحب (۳) صاحبزادہ حبی اللہ صاحب

(۴) صاحبزادہ عبدالصمد صاحب

(۵) مولوی سجادہ نشین حضرت صاحبزادہ نصر اللہ جان صاحب دامت برکاتہم العالیہ

وفات

آخر اجل نے آنا ہوتا ہے۔اور ہر ذی روح نے موت کا ذائقہ چکھنا ہے۔

حضرت صاحب بھی اسی طرح محرم الحرام کے ...13 تاریخ کو بمطابق 2 فروری 2007ء بوقت چار بجے بروز جمعۃ المبارک داعیٔ اجل کو لبیک کہتے ہوئے دارِ فانی سے کوچ کر گئے اور ہزاروں مریدوں اور عقیدتمندوں کو یتیمی نصیب ہوئی۔

3/2/2007 کو ہزاروں لاکھوں اشکبار آنکھوں کے سامنے بوقت چار بجے نماز جنازہ ادا ہوئی اور ہزار خوانی کے قبرستان میں دفن کر دیئے گئے۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ٥

اللہ تعالیٰ سے دُعا ہے۔کہ خداوند کریم ان کی مغفرت فرمائے اور ان کے مرقد مبارک پر انوار کی بارشیں نصیب فرمائے۔آمین ثم آمین۔

شجرۂ طریقت چشتیہ صابریہ

حضرت اخون پنجو باباجی صاحب رحمت اللہ علیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ

قُلْ ھُوَاللّٰہُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ.

حق عزرائیل واسرافیل ومیکائیل وجبرائیل۔ کَثِیْرًا اَبَدًا اَبَدًا لَااِلٰہَ اِلَّااللّٰہُ ۔ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ۔ صلی اللہ علیہ وسلم.

حضرت ابو بکر صدیق وحضرت عمر فاروق وحضرت عثمان غنی وحضرت علی حیدر کرار رضوان علیہم اجمعین

(۱) حضرت احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ ﷺ ۔

(۲) حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ

(۳) الٰہی بحرمت حضرت خواجہ حسن بصری صاحبؒ

(۴) الٰہی بحرمت حضرت خواجہ عبدالواحد صاحبؒ

(۵) الٰہی بحرمت حضرت خواجہ فضیل صاحبؒ مدفن مکہ معظمہ

(۶) الٰہی بحرمت حضرت خواجہ ابراہیم بن ادھم بلخی صاحبؒ

(۷) الٰہی بحرمت حضرت حذیفۃ المرعشی صاحبؒ

(۸) الٰہی بحرمت حضرت ھبیرۃ البصری صاحبؒ

(۹) الٰہی بحرمت حضرت خواجہ ممشاد علوی صاحبؒ

(۱۰) الٰہی بحرمت خواجہ ابواحمد ابدالی صاحبؒ

(۱۱) الٰہی بحرمت خواجہ محمد بن احمد ابدالی صاحبؒ

(۱۲) الٰہی بحرمت خواجہ نصیرالدین ابویوسف صاحبؒ

(۱۳) الٰہی بحرمت خواجہ قطب الدین مودود حق چشتی صاحبؒ

(۱۴) الٰہی بحرمت خواجہ شریف زندنی صاحبؒ

(۱۵) الٰہی بحرمت خواجہ عثمان ہارونی صاحبؒ

(۱۶) الٰہی بحرمت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری صاحبؒ

(۱۷) الٰہی بحرمت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی صاحبؒ

(۱۸) الٰہی بحرمت خواجہ فریدالدین گنج شکر صاحبؒ

(۱۹) الٰہی بحرمت خواجہ نظام الدین دہلوی صاحبؒ

(۲۰) الٰہی بحرمت خواجہ نصیرالدین دہلوی صاحبؒ

(۲۱) الٰہی بحرمت خواجہ سراج الدین دہلوی صاحبؒ

(۲۲) الٰہی بحرمت خواجہ علاءؤالدین کلیئر شریف صاحبؒ

(۲۳) الٰہی بحرمت خواجہ قطب عالم پھندو بابا صاحبؒ

(۲۴) الٰہی بحرمت خواجہ حسام الدین صاحبؒ صابر شریف

(۲۵) الٰہی بحرمت خواجہ حمیدالدین ناگور شریفؒ

(۲۶) الٰہی بحرمت خواجہ جلال الدین تانیسری صاحبؒ

(۲۷) الٰہی بحرمت خواجہ امیراللہ ابوالفتح کمباچی صاحبؒ

(۲۸) الٰہی بحرمت خواجہ شیخ المشائخ عبدالوہاب صاحبؒ اخون پنجو باباؒ

(۲۹) الٰہی بحرمت خواجہ فریدالدین صاحبؒ کیمبل پور شریف

(۳۰) الٰہی بحرمت خواجہ شیخ حبیب پشاوری صاحبؒ

(۳۱) الٰہی بحرمت خواجہ شہباز بابا پشاوری صاحبؒ

(۳۲) الٰہی بحرمت خواجہ موسیٰ محمد صاحبؒ ماشوگگر پشاور

(۳۳) الٰہی بحرمت خواجہ محمد صدیق صاحبؒ نشوڑی

(۳۴) الٰہی بحرمت خواجہ حافظ محمد صاحب محمد زئی

(۳۵) الٰہی بحرمت خواجہ محمد شعیب صاحبؒ توراجیری

(۳۶) الٰہی بحرمت خواجہ عبدالغفور صاحبؒ (سیدو)

(۳۷) الٰہی بحرمت خواجہ نجم الدین صاحبؒ حضرو شریف

(۳۸) الٰہی بحرمت خواجہ حمید اللہ صاحبؒ ٹکاٹ

(۳۹) الٰہی بحرمت خواجہ محمد امین بابا جی صاحبؒ

(۴۰) الٰہی بحرمت خواجہ محبت اللہ بابا جی صاحبؒ

(۴۱) الٰہی بحرمت خواجہ خادم الفقراء صوفی محمد رحمان صاحب عفی عنہ

اسمآء گرامی خلفآءِ صوفی محمد رحمان صاحب

(۱) جناب نورالبصر صاحب (ترخہ) حال کراچی۔
(۲) جناب نصراللہ خان صاحب میاں گوجر
(۳) جناب فضل شیر صاحب میاں گوجر
(۴) جناب فضل اکبر صاحب میاں گوجر
(۵) جناب گل جان صاحب افغان کالونی
(۶) جناب احمد علی جان صاحب ڈاگ بیسود
(۷) جناب میروزیرالدین صاحب پل خمری کابل افغانستان
(۸) جناب عبدالغفا صاحب پل خمری کابل افغانستان
(۹) جناب مولوی عزت خان صاحب کابل افغانستان
(۱۰) جناب مولانا نثار محمد صاحب ترخہ
(۱۱) جناب مولانا کرامت شاہ صاحب ترخہ
(۱۲) جناب محمد اسماعیل صاحب (آخون آباد)
(۱۳) جناب ملنگ صاحب (آخون آباد)
(۱۴) جناب خیرالرحمن صاحب (آخون آباد)
(۱۵) جناب محمد اللہ جان صاحب (آخون آباد)
(۱۶) جناب محمد انور صاحب (آخون آباد)
(۱۷) جناب رحمت اللہ صاحب (آخون آباد)

(۱۸) جناب سلیمان صاحب (آخون آباد)

(۱۹) جناب عبدالحمید صاحب حکیم صاحب (آخون آباد)

(۲۰) جناب ابراہیم (آخون آباد)

(۲۱) جناب محمد آیاز صاحب تاروجبہ

(۲۲) مولوی جناب مشتاق احمد صاحب پڑانگ چارسدہ

(۲۳) جناب اسرارالدین صاحب تاروجبہ

(۲۴) جناب غلام رسول صاحب تاروجبہ

(۲۵) جناب فضل ربی صاحب تاروجبہ

(۲۶) جناب عزیز اللہ صاحب مرحوم ڈاگ پشاور

(۲۷) جناب نثار خان صاحب ڈاگ پشاور

(۲۸) جناب فضل باری صاحب پلوٹی پشاور

(۲۹) جناب محمد ولی صاحب (مدولی) گنج پشاور

(۳۰) جناب جہانگیر خان صاحب کالاخیل درہ آدم خیل

(۳۱) جناب جہانزیب خان صاحب کالاخیل درہ آدم خیل

(۳۲) جناب شمس الرحمان صاحب (SDO صاحب) مرحوم چارسدہ

(۳۳) جناب میاں خائستہ گل صاحب (مرحوم) چارسدہ

(۳۴) جناب امان اللہ صاحب (مرحوم) کوہاٹ

(۳۵) جناب کمال الدین صاحب (مرحوم) تنگی چارسدہ

(۳۶) جناب غلام قادر صاحب ایم۔اے ایم۔ایڈ گنڈیری

(۳۷) جناب عبدالخالق ماسٹر صاحب گنڈیری

(۳۸) جناب حاجی ذرو اللہ خان صاحب گنڈیری

(۳۹) جناب مولوی فخر عالم صاحب شکور کلے گنڈیری

(۴۰) ڈاکٹر جناب عبدالنیصر صاحب کامہ افغانستان

(۴۱) جناب محمد اجمل خان صاحب مردان حال سعودی عرب

(۴۲) جناب ولی خان صاحب زرگر آباد پشاور لکڑی مہمند ایجنسی

(۴۳) نیک محمد ولد نیاز محمد صاحب (زریاب کالونی) موضع افغانستان

(۴۴) جناب میاں تسبیح اللہ صاحب کاکاخیل موضع سیف اللہ قلعہ گنڈیری ضلع چارسدہ

شرائط برائے ماذون حضرات

ماذون حضرات کے لیے درج ذیل شرائط پر عمل کرنا ضروری ہے۔

(۱) اللہ تعالیٰ کے ہر حکم پر راضی برضا رہنا۔

(۲) ہر کام میں اللہ تعالیٰ کی رضا تلاش کرنا۔

(۳) شریعت کی اتباع کرنا۔

(۴) حضور ﷺ سے محبت و عشق رکھنا اور حتی الوسع تمام سنتوں پر عمل کرنا۔

(۵) اخلاق حسنہ کو اپنانا۔

(۶) توکل باللہ پر قائم رہنا۔

(۷) صبر اور شکر کو اپنانا۔

(۸) تواضع وانکساری اختیار کرنا۔

(۹) سادہ زندگی بسر کرنا۔

(۱۰) اپنے مرشد کے نقش قدم پر چلنا۔ اور تابعداری کرنا۔

(۱۱) عبادت اور خدمت اخلاص سے کرنا۔

(۱۲) سخاوت کرنا۔

(۱۳) حقوق العباد کا خیال رکھنا۔

(۱۴) اپنے مسلمان بھائی کو آرام اور خیر پہنچانا۔

(۱۵) بغض، حسد، کینہ وغیرہ سے اجتناب کرنا۔

(۱۶) نیکی کا حکم کرنا۔ اور برائیوں سے منع کرنا۔